نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

حکومت کی کسان دوست پالیسیوں اور معیاری زرعی مداخل کی فراہمی کے باعث گزشتہ سال مختلف فصلات کی ریکارڈ پیداوار حاصل ہوئی: ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد

لاہور:05 اکتوبر 2021 (   ) معیاری زرعی ادویات کی دستیابی اور دیگر حکومتی اقدامات کی بدولت گزشتہ سال مختلف فصلوں کی بمپر پیداوار حاصل ہوئی ہے جس میں گندم 2 کروڑ 9 لاکھ ٹن ہوئی اور اس میں 13.7 فیصد ریکارڈ اضافہ ہوا، گنا 5 کروڑ 70 لاکھ ٹن ہوئی اور اس میں 26.9 فیصد ریکارڈ اضافہ ہوا، مکئی 78 لاکھ 52 ہزار ٹن ہوئی اور اس میں 30 فیصد اضافہ ہوا، دھان کی پیداوار 53 لاکھ ٹن اور اس میں 33.2 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے مطابق زرعی ٹاسک فورس جعلی زرعی ادویات اور غیر معیاری کھادوں کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی پر عمل پیرا ہے اور مختصر عرصہ میں پنجاب بھر گزشتہ تین برسوں میں 40 کروڑ روپے مالیت کی جعلی زرعی ادویات قبضہ میں لی گئیں اور جعلی کھاد تیار کرنے والی فیکٹریوں کو سیل کر کے ان کے خلاف مقدمات چلائے گئے۔ اس کے علاوہ 2 ہزار سے زائد جعلی مداخل کا کاروبار کرنے والے ڈیلروں کو گرفتار کیا گیا۔ جعلی کھادوں اور زرعی ادویات کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی گئی ہے جو کہ ایک تاریخی کامیابی ہے۔ ان اقدامات سے کاشتکاروں کو معیاری زرعی ادویات اور کھادوں کی فراہمی ہو سکے گی۔ ایڈیشنل سیکرٹری (ٹاسک فورس) پنجاب کا مزید کہنا تھا کہ پنجاب زرعی ٹاسک فورس نے شکایات درج کرانے کا نیا سسٹم متعارف کرایا ہے جو کہ زیرو کاسٹ کمپلینٹ سسٹم ہے۔ جس کے ذریعے کاشتکار کسی بھی وقت وٹس ایپ نمبر 2955539-0300 پر شکایات بذریعہ پیغام یا ویڈیو بھیج سکتے ہیں اور اس پر کاروائی چوبیس گھنٹے کے اندر عمل میں لائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت پنجاب بھر میں زرعی مداخل (زرعی ادویات اور کھادوں) کا کوئی بحران نہیں ہے اور کاشتکاروں کو ان زرعی مداخل کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ اجلاس میں ڈائریکٹر زراعت توسیع راولپنڈی ڈویژن سجاد حیدر، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع شکیل احمد، شگفتہ بی بی آسسٹنٹ ڈائریکٹر پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹی سائیڈز اٹک اور ہارون احمد خان آسسٹنٹ ڈائریکٹر زرعی اطلاعات راولپنڈی بھی موجود تھے۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) اٹک نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ سال 2021 میں اٹک ڈویژن میں مقررہ قیمت سے زائد کھادوں کی فروخت پر 2 لاکھ 62 ہزار روپے کے جرمانے کیے گئے ہیں۔ شگفتہ بی بی اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول اٹک نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ امسال اٹک میں 4 لاکھ 54 ہزار روپے 9 سو 37 کی جعلی زرعی ادویات قبضے میں لی گئی۔ ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد نے دورہ کے دوران لیبارٹری برائے تجزیہ مٹی و پانی اٹک کا معائنہ کیا۔ معائنہ کے دوران ان کو لیبارٹری میں ہونے والے کام کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر لیبارٹری کے انچارج ملک بشیر احمد نے لیبارٹری میں ہونے والے کام کے بارے بریفنگ دی۔ اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری زراعی ٹاسک فورس کا کہنا تھا کہ لیبارٹری میں مٹی اور پانی کے تجزیہ اہمیت کے لیے آگاہی مہم کو تیز کیا جائے۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ کاشتکاروں کو آگاہی مواد کو انتہائی سادہ اور عام فہم زبان میں مرتب کیا جائے۔

☆☆☆☆